مسلسل اشاعت کے 79 سال
nawaiwaqt.com.pk
editor@nawaiwaqt.com.pk
@nawaiwaqt fb.com/nawaiwaqt

DAILY
NAWA-I-WAQT
KARACHI

روزنامہ
نوائے وقت
بانی حمید نظامی مرحوم
مجید نظامی مرحوم
رمیزہ مجید نظامی
کراچی
کراچی، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

MONDAY 8 JULY 2019

جلد		صفحات	رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل	شمارہ
جلد	پیر 4 ذیقعد 1440ھ، 8 جولائی 2019ء، 24 ہاڑ 2076 ب	صفحات	رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل	شمارہ
40	فون نمبر 32241978-80 فیکس نمبر 32242971-2 قیمت 20 روپے	12	MC-24	272

IGI
Holdings

اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

ذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی جی آئی ہولڈنگز لمیٹڈ (دی "کمپنی") کا غیر معمولی اجلاس عام ("اجلاس") مورخہ 29 جولائی 2019 بوقت سہ پہر 03:00 بجے بمقام سن فلاور ہال پیچ لگژری ہوٹل، لالازار، کراچی میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل امور کی انجام دہی کی جائے گی:

عمومی امور

1۔ مورخہ 26 اپریل 2019 کو منعقدہ کمپنی کے 65 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

خصوصی امور

2۔ ازروئے قانون وقواعد تمام ضروری منظوریوں کے حصول کی شرط پر اور اس سلسلے میں، جیسا کہ ذیل میں مذکور کی گئی ہے، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ایک خصوصی قرارد منظور کر کے اسکی ایک ذیلی کمپنی آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ ("آئی جی آئی لائف") کی جانب سے اعلان کردہ اور کمپنی کو پیش کئے جانیوالے -/10 روپے فی شیئر کی سبسکرپشن قیمت پر رائٹس شیئرز کی سبسکرپشن اور آئی جی آئی لائف کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے پیش کئے جانیوالے مذکورہ رائٹس ایشو میں سے بچ جانیوالے ایسے شیئرز جو کسی شیئر ہولڈر(ز) نے سبسکرائب نہ کئے ہوں اور اس مقصد کیلئے زیرغور لائے جانیوالے جزوی رائٹس شیئرز کی سبسکرپشن کے ذریعے مبلغ -/1,000,000,000 (ایک ارب روپے صرف) کی حد تک ایکویٹی کی سرمایہ کاری کی منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)134 ملاکر پڑھیں دفعہ 199 بابتہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (انوسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز آر ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے تحت درکار حسب ضرورت کردہ بالا امور خصوصی کو کور کرنے والا بیان مادی حقائق اس نوٹس کی کاپی کے ساتھ ممبران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

یاسر علی قریشی
کمپنی سیکریٹری

کراچی
مورخہ 8 جولائی 2019

نوٹس:۔

1۔ کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے 22 جولائی 2019 تا 29 جولائی 2019 (دونوں دن شامل) بند رہیں گے۔

2۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے استحقاق کا/کی حامل کوئی بھی رکن اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کی غرض سی کسی دیگر فرد کو پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔ پراکسی مقرر کرنے والے ممبر کی جانب سے باقاعدہ مکمل شدہ اور دستخط کردہ پراکسی فارمز کا اجلاس کیلئے مقرر کردہ وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز ٹیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-F، متصل ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں جمع کرادیا جانا لازمی ہے۔

3۔ اجلاس ہذا میں ووٹ دینے کے استحقاق کا/کی حامل سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی میں اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ کے حامل انفرادی بینیفیشل آنرز کیلئے اپنی شناخت ثابت کرنے کی غرض سے اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ("CNIC") ساتھ لانا لازمی ہے، اور پراکسی ہونے کی صورت میں اس پر لازم ہے کہ وہ اپنے CNIC کی مصدقہ نقل جمع کرائے۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندوں کو چاہیئے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور/ یا ایسی تمام دستاویزات ہمراہ لائیں جو مقصد ہذا کی غرض سے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں ضروری قرار دی گئی ہیں۔

4۔ شیئر ہولڈرز (غیر سی ڈی سی) سے التماس ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور سے آگاہ کردیں۔

5۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں حاضری

ممبران ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں ازراہ کرم درج ذیل فارم پر کر کے رجسٹرار کے پتے پر اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے (7) یوم قبل جمع کرادیں۔ مجموعی طور سے 10% یا زائد شیئرز کے حامل کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہائش رکھنے والے ممبران کی جانب سے اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم 10 یوم قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے پر کمپنی اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی کی شرط پر اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت مہیا کردے گی۔

"میں/ہم ---------------------- بابت ---------------------- بحیثیت آئی جی آئی ہولڈنگز لمیٹڈ کا/کے
ممبر، حامل ---------------------- عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ----------------------
بذریعہ ہذا بمقام ---------------------- ویڈیو لنک کی سہولت حاصل کرنے کا/ کے خواہشمند ہوں/ ہیں۔

ممبر کے دستخط"

کمپنی، اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) یوم قبل ممبران کو ویڈیو لنک کی موجودگی والے مقام اور انہیں اس سہولت تک رسائی دلوانے والی تمام ضروری معلومات سے آگاہ کردے گی۔

www.igi.com.pk/holdings
111-234-234